ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

## پریس ریلیز (355)

02-07-2023

**بہاولپور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے عیدالاضحیٰ کے دوران سیکیورٹی معاملات کو خود چیک کیا، بہترین سیکیورٹی انتظامات پر تمام پولیس افسران کو شاباش دی، عید سے قبل پولیس کا جنرل ہولڈاپ وسنیپ چیکنگ، متعدد منشیات فروش اور غیر قانونی اسلحہ کے ملزمان بھی گرفتار۔ ان ایام میں پراپرٹی کرائمز کی شرح بہت کم رہی۔ عوام کی حفاظت کیلئے اسپیشل پٹرولنگ پلان اور تفریحی مقامات کی سیکیورٹی اور شاہراہوں پر آمدورفت کے حوالے سے پولیس ڈیوٹی الرٹ، محنت اور لگن کے ساتھ ساتھ شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آنے پر بھی پولیس افسران کی کارکردگی لائق تحسین ہے۔ ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی عیدالاضحیٰ بارے سیکیورٹی ہدایات کے پیش نظر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے عیدالاضحیٰ کے ایام میں سیکیورٹی معاملات کی خودنگرانی اور عیدالاضحیٰ کے حوالے سے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی کو چیک کیا، بہاول پور میں عید کے حوالے سے عید گاہوں، مساجد امام بارگاہوں سمیت 415 مقامات پر ہزاروں فرزندان اسلام نے عید کی نماز ادا کی، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے صبح سویرے تمام انتظامات مکمل کیے، ڈی پی او نے شہر بھر میں مختلف مقامات پر عید نماز کی سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، الرٹ اور بہترین انتظامات پر تمام پولیس افسران کو شاباش دی، اسی طرح عید کے دوسرے اور تیسرے روز بھی عید کے پہلے دن کی طرح بہترین سیکیورٹی انتظامات کی طرز پر تفریحی مقامات اور شاہراہوں پر عوام کی آمدورفت کو مدنظر رکھتے ہوئے اسپیشل پٹرولنگ پلان تشکیل دیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس، ایلیٹ فورس، ڈولفن اسکواڈ، محافظ اسکواڈ اور ٹریفک پولیس کو خصوصی طور پر پٹرولنگ کرنے اور مشکوک افراد کی سنیپ چیکنگ کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر باہمی تصادم اور لڑائی جھگڑوں کا اندیشہ زیادہ ہونے کی وجہ سے پکار 15 کی کال پر فوری ریسپانس کرنے کے احکامات بھی جاری کیے تھے۔ جس پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے اپنی ٹیمز کے ہمراہ احکامات پر عمل درآمد کو یقینی بناتے ہوئے اچھی پرفارمنس کا مظاہرہ کیا۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر پولیس افسران سے بات کرتے ہوئے کہا کہ عید کے پہلے دن پولیس نے ذمہ داری کیساتھ اپنے فرائض سرانجام دیئے جو قابلِ تحسین ہے۔ بہتر پیٹرولنگ اور اپنی واضح موجودگی سے کرائم اور کسی بھی ناخوشگوار واقع کی روک تھام کی جاسکتی ہے۔ عوام کی حفاظت اور جرائم کی روک تھام کیلئے تشکیل دیئے گئے اسپیشل پٹرولنگ پلان اور تفریحی مقامات کی سیکیورٹی اور شاہراہوں پر آمدورفت کے حوالے سے پولیس ڈیوٹی الرٹ، محنت لگن کے ساتھ ساتھ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے پر بھی پولیس افسران کی کارکردگی لائق تحسین اور قابل تعریف ہے۔ اس شہر کے امن وامان اور اس جرائم کے خاتمے کی ذمہ داری اللہ نے ہمیں سونپی ہے اور انشاءاللہ ہم سب مل کر اسے آئندہ بھی ایمانداری، محنت اور لگن سے نبھائیں گے۔ جبکہ آئی جی پنجاب کی ہدایت پر بہاول پور پولیس نے جنرل ہولڈاپ وسنیپ چیکنگ کی، جس میں متعدد منشیات فروش اور غیر قانونی اسلحہ کے ملزمان کو گرفتار کر کے جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچایا اور بھاری تعداد میں منشیات ولائتی شراب کی چھوٹی بڑی بوتلیں، شراب 40 لیٹر، چرس 1200 گرام اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر کے ان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج رجسٹر کر لیے، عیدالاضحیٰ کے ایام کے دوران پراپرٹی کے کرائم کی شرح بہت کم رہی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے عیدالاضحیٰ کے دوران سیکیورٹی معاملات کو خود چیک کیا، بہترین سیکیورٹی انتظامات پر تمام پولیس افسران کو شاباش دی۔ عید نماز کے بعد یادگار شہداء پر حاضری دی۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(356)

02-07-2023

**بہاول پور(           )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات،سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران و اہلکار تعینات کیے گئے ، چھتوں پر بھی پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا گیا۔ضلع کے سرکل افسران اورایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی ۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں،ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہیں

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:ضلع بھر میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر مامور پولیس افسران واہلکار الرٹ ہوکر ڈیوٹی دیتے ہوئے